خبر منظر

امریکن سینٹر، کلکتہ میں **''لینڈ مارکس آف نیویارک''** کی نمائش کا ایک منظر: یہاں ۸۱ بلیک اینڈ وہائٹ تصاویر ۱۶۴۰ سے اب تک کے نیویارک کی جھلکیاں پیش کرتی ہیں اور یہ اس قانون کی چالیسویں سالگرہ بھی ہے جس کے مطابق تاریخی یادگاروں کی حفاظت لازمی ہے جیسے کہ کرسلر اور فلیٹر ون بلڈنگیں، نیویارک پبلک لائبریری اور ایلس آئی لینڈ امیگریشن سینٹر۔ یہ نمائش جمشید پور میں دکھائی جا چکی ہے اور چنئی، حیدرآباد، میسور، ممبئی، احمد آباد، بھوپال اور نئی دہلی میں بھی دکھائی جائے گی۔



ڈیجیٹل دنیا کی فوٹو گرافی 'عصری امریکن آرٹسٹ' ڈینس لینڈی کی تخلیقات کی نمائش امریکن سینٹر، نئی دہلی میں لگی ہے۔ یہ ۱۶ر جون تک جاری رہے گی۔ لینڈی نئی دہلی میں مقیم سافٹ ویئر انجینئر ہیں جو اپنی جدت طرازیوں کے ذریعے ایک نئی طرح کی فوٹو گرافی کی کینوس اور چینی مٹی کی ٹائلیں تیار کرتے ہیں۔ یہ نمائش ہفتے کے دنوں میں صبح ۱۰ بجے سے ۶ بجے شام تک اور سنیچر کو ایک بجے سے ۶ بجے شام تک کھلی رہے گی۔

امریکن باسکیٹ بال کوچ جے ڈی واٹش، جن کے ہمراہ مائکل اووین، یو ایس کونسلر جنرل، ممبئی بھی تھے، نے اپریل میں وائی ایم سی اے ممبئی میں ٹریننگ کے دوران بچوں کو کھیل کے تکنیکی پہلوؤں کی تعلیم دینے کے علاوہ کوچوں کو بنیادی نکات سے بھی آگاہ کیا اور ممبئی، پونے، چنئی اور کلکتہ میں باسکیٹ بال کے کھلاڑیوں سے تبادلۂ خیال کیا۔ نیویارک میں مقیم واٹش اسپورٹس کا استعمال ٹیم ورک، روابط اور صحت مند زندگی کا سبق پڑھانے میں کرتے ہیں۔



امریکی ایوان نمائندگان کے لیے منتخب ہونے والے پہلے ہندنژاد امریکی **دلیپ سنگھ سوند** کے نیم مجسمہ کی سابق وزیر اعظم آئی کے گجرال کے ہاتھوں امریکن سینٹر، نئی دہلی میں مئی میں نقاب کشائی کی گئی۔ یہ نیم مجسمہ سوند کے بھتیجے انوپ سنگھ نے پیش کیا ہے۔ اس موقع پر امریکی سفارت خانہ کے ڈپٹی چیف آف مشن اسٹیون جے وہائٹ بھی موجود تھے۔ سوند نے ۱۹۵۷ سے ۱۹۶۳ تک اپنے کیلی فورنیا کے حلقۂ انتخاب کی نمائندگی کی تھی۔

ہندنژاد امریکی قانون داں اور علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے سابق طالب علم **انیس صدیقی** نے ۵۰ برس سے زیادہ عرصہ بعد یونیورسٹی کو دیکھا۔ انھوں نے وائس چانسلر اور اساتذہ سے ملاقات کی، اپنے پرانے ہوسٹل کو دیکھا اور امریکی محکمہ خارجہ کے فنڈ سے جاری انگریزی آشنائی پروگرام میں داخلہ حاصل کرنے والے اس یونیورسٹی کے طلبہ کو آٹوگراف دیے۔ ان کے بیٹے عدنان امریکی سفارت خانہ میں کونسلر برائے ثقافتی امور ہیں۔